© rasailojaraid.com

حقانیہ سے تعاون پر آمادہ کرتے۔ اس سلسلہ کو انہوں نے اپنی زندگی کا مطمح نظر سمجھ کر آخر تک اسی پر کاربند رہے۔ بحمد اللہ ایک جید عالم دین کی حیثیت سے انہوں نے بھی اپنے برخورداران کو علم دین کے زیور سے آراستہ کیا اور انشاء اللہ اب یہی حقانیہ کی سرپرستی اور عالم و فاضل اولاد مرحوم کے لئے صدقات جاریہ بن کر نجات اخروی کا ذریعہ ہوگا۔ مرکز علمی حقانیہ اپنے اس علمی فرزند کی جدائی پر سارے خاندان کے ساتھ شریک تعزیت ہے۔ جنازہ میں علاقہ کے جید اور ممتاز علماء اور کثیر تعداد میں مسلمانوں نے شرکت کی۔ مرحوم کا جنازہ حضرت مولانا انوار الحق شیخ الحدیث و نائب مہتمم جامعہ حقانیہ نے پڑھایا۔ رب العزت مرحوم کو جنت الفردوس نصیب فرمائے۔

---

# تقریب ختم بخاری و دستار بندی کا اعلان

حسب روایات سابقہ جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں ختم بخاری شریف اور دستار بندی کی علمی و روحانی تقریب ۱۷ اگست ۲۰۰۶ء بروز جمعرات 5:00 بجے سے مغرب کی نماز تک منعقد ہو رہی ہے۔ جس میں تقریباً ایک ہزار دورہ حدیث اور اس کے علاوہ طلبائے حفظ و درجات تخصص کی دستار بندی ہوگی۔ لاکھوں افراد کے اس اجتماع میں ختم بخاری شریف کے بعد دعائیں مستجاب ہوتی ہے۔ تمام حضرات کو شرکت کی دعوت ہے۔

منجانب:

جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، نوشہرہ

© rasailojaraid.com